e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW
روزنامہ
اودھ نامہ
avadhnama

## ’پی ایم مودی کو فوراً ایسے وزیر کو برخاست کر دینا چاہیے‘
### کرنل صوفیہ قریشی سے متعلق متنازعہ بیان پر کھڑگے برہم

نئی دہلی۔مدھیہ پردیش حکومت میں وزیر وجے شاہ نے اپنے ایک بیان میں کرنل صوفیہ قریشی کو مبینہ طور پر پاکستانیوں کی بہن بتا کر اپنے ہی پیر پر کلہاڑی مار لی ہے۔اب ان کی ہر طرف سے شدید مذمت ہو رہی ہے اور انھیں ہندوستان کی ایک بہادر بیٹی کی بے عزتی کرنے کا قصوروار ٹھہرایا جا رہا ہے۔کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی اس متنازعہ بیان پر اپنا سخت رد عمل ظاہر کیا ہے اور وزیر اعظم نریندر مودی سے یہ مطالبہ تک کر دیا ہے کہ وہ ایسے وزیر کو فوراً برخاست کریں۔کانگریس صدر کھڑگے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر کیے گئے اپنے پوسٹ میں لکھا ہے کہ ’’بی جے پی کی مدھیہ پردیش حکومت کے ایک وزیر نے ہماری بہادر بیٹی کرنل صوفیہ قریشی کے بارے میں بے حد ہتک آمیز، شرمناک اور نازیبا تبصرہ کیا ہے۔

## اپریل میں خوردہ افراط زر 3.16 فیصد

نئی دہلی۔(یو این آئی) اناج اور سبزیوں کی قیمتوں میں نرمی کی وجہ سے اپریل 2025 میں کنزیومر پرائس انڈیکس (سی پی آئی) پر مبنی خوردہ افراط زر گھٹ کر 3.16 فیصد ہو گئی ہے۔گزشتہ ماہ مارچ میں خوردہ افراط زر 3.34 فیصد اور گزشتہ سال اپریل میں 4.83 فیصد تھی۔منگل کو جاری ہونے والے اپریل کے عارضی کنزیومر پرائس انڈیکس (سی پی آئی) کے سرکاری اعداد و شمار کے مطابق، خوردہ افراط زر کی شرح مسلسل تین مہینوں سے 4 فیصد سے نیچے رہی ہے۔آر بی آئی اسے دو سے چھ فیصد کے درمیان اور اس سے نیچے رکھنے کے لیے کوشاں ہے۔اس سے آر بی آئی کے لیے مستقبل میں مالیاتی پالیسی کو مزید آسان بنانا آسان ہو جائے گا۔خورد و نوش کے زمرے میں خوردہ افراط زر اپریل میں 1.78 فیصد تک درج کی گئی، جو تین سالوں میں کم ترین سطح ہے۔گزشتہ سال اپریل میں اشیائے خورد و نوش کی افراط زر کی شرح 8.70 فیصد تھی۔

قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر (۲۴) شمارہ نمبر (۲۲۰) لکھنؤ، بروز بدھ ۱۴-مئی ۲۰۲۵ء، مطابق ۱۵/ ذی القعدہ ۱۴۴۶ھ صفحات-۸
Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 220 Wednesday , May 14 2025 Pages -8

# مسئلہ کشمیر پر ثالثی قبول نہیں، ٹرمپ کے دعوے مسترد
## ٹرمپ نہیں، ہندوستانی فوجی طاقت کی وجہ سے پاکستان نے گھٹنے ٹیکے، وزارت خارجہ نے امریکی صدر کے دونوں دعوؤں کو خارج کیا

نئی دہلی۔(یو این آئی) ہندوستان نے منگل کو ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ثالثی سے متعلق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے بیان کو واضح طور پر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ جموں و کشمیر سے متعلق کسی بھی مسئلے کو دو طرفہ طور پر حل کرنا دونوں ممالک کی پالیسی ہے اور دونوں کے درمیان ایک ہی مسئلہ زیر التوا ہے کہ پاکستان کو غیر قانونی طور پر قابض ہندوستانی علاقے کو خالی کرنا ہے۔جب یہاں ایک باقاعدہ بریفنگ میں جموں و کشمیر پر امریکی صدر کے ریمارکس کے بارے میں پوچھا گیا تو وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ طویل عرصے سے ہمارا قومی موقف رہا ہے کہ جموں و کشمیر کے مرکزی علاقے سے متعلق کسی بھی مسئلے کو ہندوستان اور پاکستان کو دو طرفہ طور پر حل کرنا ہوگا۔اس پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔جیسا کہ آپ جانتے ہیں، زیر التواء معاملہ صرف پاکستان کے غیر قانونی طور پر قابض ہندوستانی علاقے کو خالی کرانے کا ہے۔

مسٹر جیسوال نے یہ بھی واضح کیا کہ جموں و کشمیر کے مسئلہ پر ہندوستان کی پالیسی میں کسی تیسرے فریق کی مداخلت نہیں ہے۔سندھ طاس معاہدے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں ترجمان نے کہا کہ یہ معاہدہ خیر سگالی اور دوستی کے جذبے کے تحت کیا گیا جیسا کہ معاہدے کی تمہید میں بیان کیا گیا ہے۔تاہم، پاکستان نے کئی دہائیوں سے سرحد پار دہشت گردی کو فروغ دے کر ان اصولوں کو نظر انداز کیا ہے۔اب، 23 اپریل کے کیبنٹ کمیٹی برائے سیکیورٹی (سی سی ایس) کے فیصلے کے مطابق، ہندوستان اس معاہدے کو اس وقت تک معطل رکھے گا جب تک کہ پاکستان قابل

> **’بات چیت میں ٹریڈ کا ذکر ہی نہیں ہوا‘**
>
> حکومت ہند نے 13 مئی کو دیے گئے اپنے بیان میں واضح الفاظ میں کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ حالیہ فوجی کشیدگی کے دوران ہندوستان اور امریکہ کے درمیان کسی بھی بات چیت کے دوران ٹریڈ کا ایشو نہیں اٹھا تھا۔امریکی صدر ٹرمپ کے تبصروں سے متعلق میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے رندھیر جیسوال نے کہا کہ ’’پاکستان کے ساتھ کشیدگی والے حالات کے دوران ہندوستانی اور امریکی قیادت رابطے میں تھے، لیکن تجارت پر کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔‘

اعتبار اور ناقابل واپسی طور پر سرحد پار دہشت گردی کی حمایت ترک نہیں کرتا۔یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ موسمیاتی تبدیلی، آبادیاتی تبدیلیوں اور تکنیکی تبدیلیوں نے زمین پر نئی حقیقتیں پیدا کی ہیں۔

ہندوستان نے آج امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے اس دعوے کو مسترد کر دیا کہ جوہری جنگ کا خوف اور تجارت بند ہونے کا خطرہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان فوجی کارروائی کو روکنے کے معاہدے کے پیچھے وجوہات ہیں اور جموں و کشمیر کے مسئلہ پر دونوں ممالک کے درمیان ثالثی کے ان کے ارادے کو بھی مسترد کر دیا۔منگل کو یہاں ایک باقاعدہ بریفنگ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے واضح کیا کہ ہندوستان اور پاکستان کے



درمیان فوجی کارروائی روکنے کا فیصلہ دونوں ممالک نے پاکستان کی پہل پر دو طرفہ طور پر کیا ہے اور اس میں کسی تیسرے فریق کا کوئی کردار نہیں ہے۔یہ صرف ہندوستانی فوجی کارروائی کی طاقت سے ممکن ہوا۔امریکی صدر ٹرمپ کے تبصرے پر سوالوں کا جواب دیتے ہوئے مسٹر جیسوال نے کہا کہ 7 مئی کو آپریشن سندور کے آغاز سے لے کر 10 مئی کو فائرنگ اور فوجی کارروائی کو روکنے کے لئے معاہدہ طے پانے تک ہندوستان اور امریکہ کے لیڈروں کے درمیان فوجی صورتحال پر بات چیت ہوئی تھی۔ان میں سے کسی بھی بات چیت میں تجارت سے متعلق کوئی مسئلہ نہیں اٹھایا گیا۔

امریکی صدر کے ایٹمی جنگ کے خدشے کے حوالے سے ترجمان نے کہا کہ ہندوستانی کی فوجی کارروائی مکمل طور پر روایتی تھی۔کچھ رپورٹس میں کہا گیا تھا کہ پاکستان کی نیشنل کمانڈ اتھارٹی کا اجلاس 10 مئی کو ہوگا۔لیکن بعد میں انہوں نے اس کی تردید کی۔پاکستان کے وزیر خارجہ نے خود جوہری پہلو کی ریکارڈ پر تردید کی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا موقف پختہ ہے کہ وہ ایٹمی حملے یا بلیک میلنگ کے خطرے کے سامنے نہیں جھکے گا اور نہ ہی اس سلسلے میں سرحد پار سے دہشت گردی کی اجازت دے گا۔

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان فوجی کارروائی کو روکنے کے فیصلے کے پس منظر کی وضاحت کرتے ہوئے مسٹر جیسوال نے کہا کہ معاہدے کی مخصوص تاریخ، وقت اور الفاظ دونوں ممالک کے ڈی جی ایم اوز کے درمیان 10 مئی کو 1535 بجے فون کال میں طے کیے گئے تھے۔اس کال کی درخواست وزارت خارجہ کو پاکستانی ہائی کمیشن سے 1237 بجے موصول ہوئی۔تکنیکی وجوہات کی وجہ سے پاکستانی فریق کو ہاٹ لائن کو ہندوستانی سائیڈ سے منسلک کرنے میں ابتدائی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔اس کے بعد ہندوستانی ڈی جی ایم او کی دستیابی کی بنیاد پر 1535 بجے کا وقت مقرر کیا گیا۔ترجمان نے کہا کہ ’’آپ یقیناً اس بات کی تعریف کریں گے کہ 10 تاریخ کی صبح ہم نے پاکستانی فضائیہ کی اہم تنصیبات پر انتہائی موثر حملہ کیا تھا۔یہی وجہ ہے کہ وہ (پاکستانی فوج) اب فائرنگ اور فوجی کارروائی کو روکنے کے لیے تیار تھی۔میں یہ واضح کر دوں کہ یہ ہندوستانی ہتھیاروں کی طاقت تھی جس نے پاکستان کو اپنی فائرنگ روکنے پر مجبور کیا۔‘‘



## ’میں ریٹائرمنٹ کے بعد کوئی عہدہ نہیں لوں گا‘
### چیف جسٹس سنجیو کھنہ نے سبکدوشی کے آخری دن اپنے عزم کا کیا اظہار

نئی دہلی۔سپریم کورٹ کے موجودہ چیف جسٹس سنجیو کھنہ کا بطور سی جے آئی (چیف جسٹس آف انڈیا) آج آخری دن ہے۔چیف جسٹس کھنہ تقریباً 6 ماہ ملک کے سی جے آئی رہے، جبکہ سپریم کورٹ میں ان کی مدت کار ساڑھے پانچ سال کی رہی۔سنجیو کھنہ کی وکالت کا سفر دہلی ضلع کورٹ سے شروع ہوتے ہوئے دہلی ہائی کورٹ تک جاتا ہے، پھر وہ یہیں جج ہو گئے۔سی جے آئی عہدہ سے ریٹائرمنٹ کے عین قبل آج انھوں نے اپنے ایک بیان میں واضح کر دیا کہ وہ سبکدوشی کے بعد کوئی بھی عہدہ قبول نہیں کریں گے۔حالانکہ انھوں نے یہ ضرور کہا کہ وہ قانون کے شعبہ میں اپنی موجودگی بنائے رکھیں گے۔جسٹس کھنہ کے بڑے فیصلوں کی بات کریں، تو وہ اروند کیجریوال کو ضمانت، الیکٹورل بانڈ کو ناجائز قرار دینا، مندر-مسجد تنازعہ میں کسی بھی نئے سروے پر روک، وقف ترمیمی قانون میں مسلم فریق کو راحت، آرٹیکل 370 کو ختم کیے جانے والے فیصلے کو برقرار رکھنے جیسے اہم معاملوں کی سماعت کرنے والی بنچ کے حصہ رہے۔

## ’آپریشن سندور‘ پر ہندوستانی فوج نے 70 ممالک کو کیا بریف
### کامیابی کی دی تفصیلی جانکاری



نئی دہلی۔(ایجنسی) ’آپریشن سندور‘ کے ذریعہ ہندوستانی فوج نے پاکستانی دہشت گردوں کی پہلگام میں کی گئی ناپاک حرکت کا سخت جواب دیا تھا۔اب اس سلسلے میں ہندوستانی فوج نے پریس بریفنگ کے ذریعہ 70 ممالک کو تفصیلی جانکاری دی۔اس دوران ڈیفنس انٹیلی جنس ایجنسی (ڈی آئی اے) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل ڈی ایس رانا نے ان ممالک کو ’آپریشن سندور‘ کی کامیابی سے مطلع کیا۔انہوں نے تمام خارجی امور سے متعلق خدمات انجام دینے والے افسران کو پاکستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر حملے کے بارے میں بتایا۔ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی بتایا کہ آپریشن سندور نے کیسے ہند و پاک کشیدگی میں اہم کردار ادا کیا۔اس آپریشن کے ذریعہ کیسے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کیا گیا۔جنرل ڈی ایس رانا نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ آپریشن سندور کے ذریعہ ہندوستانی فوج نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو ہدف بنایا۔اس آپریشن میں تینوں افواج کا کیا کردار رہا، اس کے بارے میں بھی بتایا۔اس کے علاوہ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ہندوستانی فوج نے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے کیسے درست اور فوری کارروائی کی، جس کی وجہ سے آپریشن کو کامیابی کے ساتھ انجام دیا گیا۔لیفٹیننٹ جنرل ڈی ایس رانا نے پریس بریفنگ کے دوران تینوں افواج کی طاقت کے بارے میں بھی بتایا۔اس کے علاوہ آپریشن سندور میں جن اسلحوں کا استعمال کیا گیا تھا، اس کے بارے میں بھی معلومات فراہم کیں۔ساتھ ہی انہوں نے تینوں افواج کے اتحاد کے بارے میں بھی بتایا۔ڈی ایس رانا کے مطابق آپریشن سندور میں ’سودیشی ہتھیار‘ گیم چینجر ثابت ہوئے۔اس آپریشن نے افواج کے تکنیکی اپروچ کو بھی سامنے لانے میں اہم کردار ادا کیا۔علاوہ ازیں لیفٹیننٹ جنرل ڈی ایس رانا نے پاکستان کی گمراہ کن اور پروپیگنڈہ پر مبنی مہم کی مصدقہ معلومات بھی شیئر کیں، جو علاقائی امن و استحکام کے لیے خطرہ بنتا جا رہا ہے۔

## سنبھل جامع مسجد میں سروے معاملے میں فیصلہ محفوظ



پریاگ راج۔(یو این آئی) الہ آباد ہائی کورٹ نے سنبھل جامع مسجد اور ہری ہر مندر تنازع کے سلسلے میں داخل نظر ثانی عرضی پر اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا ہے۔ہری شنکر جین و سات دیگر نے سول جج سینئر ڈویژن سنبھل کی عدالت میں ایک مقدمہ دائر کیا ہے جس میں یہ دعوی کیا گیا ہے کہ سنبھل کے کوٹ مشرقی واقع جامع مسجد ایک مندر کو منہدم کرنے کے بعد بنائی گئی تھی۔مدعی نے ہری ہر مندر میں داخلے کے اعلان کا مطالبہ کیا ہے۔جامع مسجد انتظامیہ کمیٹی کی نظر ثانی عرضی پر ہائی کورٹ نے اے ایس آئی کو دو ہفتے کے اندر جواب داخل کرنے کا حکم دیا تھا۔کوئی حلف نامہ داخل نہ ہونے پر عدالت نے آگے کا وقت دیا۔یہ نظر ثانی عرضی سپریم کورٹ کے آرڈر کے بعد کی ہے جس میں سنبھل کی دیوانی عدالت کے سامنے پوری کارروائی کے ساتھ مقدمے کے جواز کو چیلنج کیا گیا ہے۔عرضی میں کہا گیا ہے کہ مقدمہ 19 نومبر 2024 کی دوپہر داخل کیا گیا تھا اور کچھ ہی گھنٹوں کے اندر عدالت نے ایڈوکیٹ کمشنر نامزد کر دیا۔ساتھ ہی اسے مسجد میں ابتدائی سروے کا حکم بھی دے دیا۔جو اسی دن یعنی 19 نومبر کو اور پھر 24 نومبر 2024 کو کیا گیا تھا۔عدالت نے یہ بھی ہدایت دی تھی کہ سروے کی رپورٹ 29 نومبر تک داخل کی جائے۔دیوانی عدالت نے 19 نومبر کو ہی ہندو فریق کے اس دعوی کو قبول کر لیا کہ مسجد مغل بادشاہ بابر کے ذریعہ 1526 میں سنبھل میں ہری ہر مندر کو منہدم کرنے کے بعد بنائی گئی تھی۔

## اب سالار ساہو غازی کی یاد میں لگنے والا میلہ بھی رَد کرنے کا فیصلہ

بہرائچ۔اتر پردیش کے بہرائچ میں سید سالار مسعود غازی کی درگاہ پر لگنے والے میلہ کو اس مرتبہ پولیس و انتظامیہ کی جانب سے منظوری نہیں دی گئی تھی، اور اب بارہ بنکی واقع حضرت سید سالار ساہو غازی کی یاد میں لگنے والے میلے کو بھی اجازت نہیں ملی ہے۔14 مئی سے لگنے والے اس میلے کی تیاریاں چل رہی تھیں، لیکن اس کے خلاف ہندو تنظیموں کی جانب سے آوازیں بھی بلند ہو رہی تھیں۔اسی مخالفت کو پیش نظر رکھتے ہوئے پولیس نے میلہ کو اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا۔پولیس نے نظام قانون بگڑنے کے اندیشہ کو دیکھتے ہوئے حضرت سید سالار ساہو غازی کی یاد میں لگنے والے میلہ کو روکنے کی پیروی کی۔بارہ بنکی کے سترکھ میں واقع سید سالار ساہو غازی کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ وہ محمود غزنوی کے سپہ سالار تھے۔غور کرنے والی بات یہ ہے کہ سید سالار ساہو غازی رشتہ میں سید سالار مسعود غازی کے والد تھے۔یعنی پہلے بیٹے کی یاد میں لگنے والے میلہ کو یوپی انتظامیہ کی منظوری نہیں ملی، اور اب والد کی یاد میں لگنے والے میلہ کو بھی اجازت نہیں دی گئی ہے۔پولیس نے جو اپنی رپورٹ تیار کی ہے، اس کے مطابق سید سالار ساہو غازی کی یاد میں منعقد ہونے والے میلہ کو ملتوی کر دیا گیا ہے۔سترکھ کے تھانہ انچارج نے میلے کے انعقاد سے نظام قانون متاثر ہونے کا اندیشہ ظاہر کرتے ہوئے اسے روکنے کی پیروی کی ہے۔کئی ہندو تنظیمیں سنبھل اور بہرائچ کے بعد اس درگاہ پر بھی میلہ نہ لگائے جانے کا مطالبہ زور و شور سے کر رہے تھے۔ظاہر ہے، انتظامیہ نے ان کے مطالبہ کو قبول کر لیا ہے۔

## ہر دہشت گرد حملے کا اپنی شرائط پر دیں گے جواب: پی ایم مودی
### پاکستان میں کوئی ایسی جگہ نہیں جہاں دہشت گرد پر امن رہ سکیں، وزیر اعظم کا اچانک آدم پور ایئربیس کا دورہ



آدم پور۔وزیر اعظم نریندر مودی نے منگل کی صبح پنجاب میں واقع آدم پور ایئربیس کا اچانک دورہ کیا۔صبح 7 بجے دہلی کے پالم ایئرپورٹ سے روانہ ہو کر وزیر اعظم آدم پور پہنچے، جہاں وہ تقریباً ایک گھنٹے تک موجود رہے۔اس موقع پر انہوں نے فضائیہ کے جوانوں سے ملاقات کی اور ان کے حوصلے و جذبے کو سراہا۔وزیر اعظم نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اس دورے سے متعلق تصاویر اور ایک پیغام شیئر کرتے ہوئے لکھا، ’’آج صبح میں آدم پور ایئر فورس اسٹیشن گیا اور ہماری دلیر فضائیہ اور فوجی جوانوں سے ملاقات کی۔ان کے ساتھ وقت گزارنا ایک خاص تجربہ تھا، کیونکہ وہ بہادری، عزم اور بے خوفی کی مثال ہیں۔ہندوستان اپنی مسلح افواج کا ہمیشہ شکر گزار ہے۔‘‘

اسی دوران مودی نے کہا، پاکستان میں کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جہاں دہشت گرد بیٹھ کر سکون کا سانس لے سکیں۔ہم ان کے گھروں میں گھس کر انہیں ماریں گے اور انہیں بھاگنے کا موقع نہیں دیں گے۔پاکستان ہمارے ڈرونز اور میزائلوں کے بارے میں سوچ کر کئی دن سو نہیں سکے گا۔ایک نیوز پورٹل کی رپورٹ میں لکھا گیا کہ وزیر اعظم کے اس دورے نے نہ صرف ایئر فورس کے جوانوں کے حوصلے کو بلند کیا بلکہ پاکستان کے اس جھوٹے پروپیگنڈے کا بھی منہ توڑ جواب دیا، جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ پاکستان نے آدم پور ایئربیس پر حملہ کر کے اسے تباہ کر دیا ہے۔تاہم، وزیر اعظم کا طیارہ جب کامیابی کے ساتھ اسی ایئربیس پر اترا تو یہ بات واضح ہو گئی کہ پاکستان کا دعویٰ مکمل طور پر جھوٹ اور افواہ پر مبنی تھا۔خیال رہے کہ آدم ایئربیس ہندوستانی فضائیہ کے مگ 29 لڑاکا طیاروں کا اہم مرکز ہے اور اس کی جغرافیائی اہمیت بھی بہت زیادہ ہے کیونکہ یہ پاکستان کی سرحد کے قریب واقع ہے۔اس بیس کو دشمن پر فوری اور مؤثر حملے کے لیے جانا جاتا ہے۔

وزیر اعظم کے ساتھ ایئر چیف مارشل وی آر چودھری بھی موجود تھے۔اس دورے کی ایک تصویر سوشل میڈیا پر کافی وائرل ہو رہی ہے، جس میں وزیر اعظم مودی ایئر فورس کی کیپ پہنے نظر آ رہے ہیں۔تصویر پر ایک جملہ لکھا ہے، ’دشمن کے پائلٹ کیوں چین سے نہیں سو پاتے؟ (وائی اینمی پائلٹ ڈونٹ سلیپ ویل؟)‘ یہ جملہ اس بیس کی جنگی تیاریوں اور دشمن کے خلاف برتری کی علامت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔وزیر اعظم مودی کا یہ دورہ کئی معنوں میں اہم ہے۔ایک جانب یہ فوج کے ساتھ ان کی یکجہتی کا اظہار ہے تو دوسری جانب یہ ملک کے عوام کو یہ پیغام دیتا ہے کہ ہندوستان کی سرزمین پوری طرح محفوظ ہے اور دشمن کی افواہوں یا جھوٹے دعووں سے نہ کبھی متاثر ہوا ہے، نہ ہوگا۔

مسٹر مودی نے فضائیہ کے جوانوں سے کہا کہ ان کی بہادری کی وجہ سے آپریشن سندور کی گونج ہر کونے سے سنائی دے رہی ہے۔انہوں نے کہا، پوری کارروائی کے دوران ہر ہندوستانی آپ کے ساتھ کھڑا رہا، ان کی دعائیں آپ کے ساتھ تھیں۔ہر ملک کا باشندہ فوجیوں اور ان کے اہل خانہ کا شکر گزار اور مقروض ہے۔انہوں نے پاکستان اور دہشت گردوں کو سخت پیغام دیا کہ اگر بے گناہ لوگوں کی موت ہوتی ہے تو تباہی اور بڑے پیمانے پر تباہی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ جس پاکستانی فوج کے بھروسے دہشت گرد بیٹھے تھے ہندستانی افواج نے اس پاکستانی فوج کو شکست دی ہے۔ہماری افواج نے پاکستانی فوج کو بھی بتا دیا ہے کہ پاکستان میں کوئی ایسی ٹھکانہ نہیں جہاں دہشت گرد سکون کی سانس لے سکیں۔’’ہم گھر میں گھس کر انہیں ماریں گے اور انہیں بدلہ لینے کا موقع بھی نہیں دیں گے۔‘

## پاکستان تنازع پر حکومت جائزہ کمیٹی قائم کرے: کانگریس

نئی دہلی۔(یو این آئی) کانگریس نے کہا ہے کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد کی گئی کارروائی کے نتیجے میں پاکستان کے ساتھ ہونے والے تنازع پر ایک جائزہ کمیٹی قائم کی جانی چاہیے، جو کارگل جنگ کے وقت کی طرح کام کر کے حکومت کو اپنی رپورٹ پیش کرے۔کانگریس کے شعبہ مواصلات کے انچارج جے رام رمیش نے منگل کو یہاں ایک بیان میں کہا کہ کارگل جنگ ختم ہونے کے بعد واجپئی حکومت نے اس طرح کی ایک رپورٹ تیار کی تھی اور بعد میں اس رپورٹ کو پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا تھا۔انہوں نے کہا، ’کارگل جنگ ختم ہونے کے ٹھیک تین دن بعد واجپئی حکومت نے 29 جولائی 1999 کو کارگل جائزہ کمیٹی قائم کی تھی۔اس کی رپورٹ 23 فروری 2000 کو پارلیمنٹ میں پیش کی گئی، حالانکہ اس کے کچھ حصوں کو اب بھی خفیہ رکھا گیا اور ایسا ہونا بھی چاہیے۔اس کمیٹی کے چیئرمین ہندوستان کے اسٹریٹجک امور کے ماہر کے سبرامنیم تھے، جن کے بیٹے فی الحال ہندوستان کے وزیر خارجہ ہیں۔انہوں نے سوال کرتے ہوئے کہا کہ کیا مودی حکومت اب پہلگام حملے کے حوالے سے نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (این آئی اے) کی تحقیقات کے باوجود اسی طرح کا ایک آزاد اور جامع تجزیہ کے ذریعے اس پورے معاملے کا تفصیلی جائزہ لے گی۔


## پنجاب کے امرتسر میں زہریلی شراب پینے سے 21 لوگوں کی موت
### کئی افراد کی حالت تشویشناک، 9 افراد گرفتار، ڈی ایس پی، ایس ایچ او معطل



امرتسر: پنجاب کے امرتسر میں مجیٹھا علاقے کے تین گاؤں میں زہریلی شراب پینے سے 21 بھٹہ مزدوروں کی موت ہو گئی ہے، جب کہ کئی دیگر کی حالت تشویشناک ہے۔امرتسر ضلع کے ڈپٹی کمشنر ساکشی ساہنی نے منگل کو کہا کہ مرنے والوں میں بھنگالی، تھریاوال اور مراری کلاں گاؤں کے لوگ شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ پیر کو پیش آیا۔ان کا کہنا تھا کہ شراب پینے سے کچھ لوگوں کی موت ہوئی اور جب رات کو مرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا تو لوگوں نے پولیس کو اطلاع دی۔انہوں نے بتایا کہ اسپتال میں علاج کے لیے داخل چھ افراد کی حالت بدستور تشویشناک ہے۔دریں اثنا، پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 9 افراد کو گرفتار کر لیا ہے، جن میں اس دھندے کے مرکزی سرغنہ کے ساتھ کئی مقامی فروشندے بھی شامل ہیں۔پنجاب پولیس کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی پی) نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر ایک پوسٹ میں بتایا کہ یہ افسوسناک واقعہ زہریلی شراب پینے سے پیش آیا اور پولیس نے واقعہ کے بعد فوری کارروائی کی ہے۔ڈی جی پی نے اپنی پوسٹ میں کہا کہ پولیس نے زہریلی شراب کے کاروبار سے وابستہ 9 افراد کو گرفتار کیا ہے اور یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ زہریلی شراب تیار کرنے کے لیے آن لائن خریدا گیا میتھانول استعمال کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ معاملے کی گہرائی سے تحقیقات جاری ہیں تاکہ پورے نیٹ ورک کو بے نقاب کیا جا سکے اور سبھی مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ڈی جی پی نے مزید کہا کہ متعلقہ افراد کے خلاف بی این ایس اور آبکاری ایکٹ کی مختلف دفعات کے تحت ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔لاپروائی برتنے پر ڈی ایس پی سب ڈویژن مجیٹھا اور تھانہ مجیٹھا کے ایس ایچ او کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے اور ان کے خلاف محکمانہ تحقیقات بھی شروع کر دی گئی ہیں۔

**سی بی ایس ای کے 10 ویں اور 12 ویں کے نتائج جاری**

## لڑکیوں نے پھر لڑکوں کو پیچھے چھوڑا



نئی دہلی۔(یو این آئی) سنٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن (سی بی ایس ای) نے منگل کو 10 ویں اور 12 ویں جماعت کے امتحان کے نتائج کا اعلان کیا جس میں بالترتیب 93.66 فیصد اور 88.39 فیصد امیدوار کامیاب قرار پائے ہیں۔نتائج کے تجزیے کے مطابق دسویں اور بارہویں جماعت کے دونوں امتحانات میں لڑکیوں نے لڑکوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔95 فیصد طالبات نے دسویں جماعت کا امتحان پاس کیا ہے جبکہ طلبا کی کامیابی کا تناسب 92.63 ہے۔12 ویں جماعت میں لڑکیوں کی کامیابی کا تناسب 91 فیصد ہے جو کہ لڑکوں کے مقابلے 5.94 فیصد زیادہ ہے۔اس بار دسویں جماعت کا امتحان پاس کرنے والے کل طلباء کا تناسب پچھلے سال کے مقابلے 0.06 فیصد زیادہ رہا۔سی بی ایس ای نے ایک پریس ریلیز میں کہا کہ اس سال 22,388,27 طلباء نے کلاس 10 کے امتحان میں شرکت کی تھی جن میں سے 20,95,467 پاس ہوئے ہیں۔تروانت پورم 99.70 فیصد کی کامیابی کی شرح کے ساتھ 10 ویں جماعت کے امتحان میں سرفہرست رہا، جب کہ آسام کے گوہاٹی میں صرف 84.14 فیصد طلبہ پاس ہونے میں کامیاب ہوئے۔اہم مراکز میں گوہاٹی نے سب سے خراب کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ریلیز کے مطابق جواہر نوودے ودیالیہ (جے این وی) میں 10 ویں جماعت کے امتحان میں طلباء کا پاس تناسب سب سے زیادہ 99.49 فیصد تھا۔کیندریہ ودیالیاس (کے وی ایس) 99.45 فیصد کی کامیابی کی شرح کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے۔پرائیویٹ (آزاد) اسکولوں نے بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا، امتحان دینے والوں کا پاس فیصد 94.17 فیصد رہا۔سینٹرل تبتی اسکولوں (ایس ٹی ایس ایس) میں دسویں کلاس میں 91.53 فیصد طلباء پاس ہوئے، اور 89.26 فیصد طلباء سرکاری اسکولوں میں پاس ہوئے۔سرکاری امداد یافتہ اسکولوں کے زمرے میں طلباء کا پاس فیصد 83.94 رہا۔



